سوال

(747) علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی پڑھ سکتے ہیں کہ نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

۱) صلی اللہ علیہ وسلم درود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پڑھا گیا یا آپ نے پڑھنے کا حکم دیا ؟

(۲) علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی پڑھ سکتے ہیں کہ نہیں ؟ ابو عبدالقدوس ضلع شیخوپورہ

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(۱) صحیح مسلم کتاب الایمان باب نزول عیسیٰ بن مریم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بذات خود لفظ ''صلی اللہ علیہ وسلم'' پڑھنا مذکور ہے ملاحظہ فرمالیں ۔ تمام کتب حدیث اس پر دال ہیں کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں بھی ''صلی اللہ علیہ وسلم'' کہا اور پڑھا کرتے تھے تقریری حدیث بننے کے لیے اتنی چیز ہی کافی ہے ۔

(۲) اس کا مجھے علم نہیں کہ یہ لفظ کہیں آئے ہیں یا نہیں ؟

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص485

محدث فتویٰ